Halton District School Board

20 مئی، 2021

ثانوی-فاصلاتی تعلیم رجسٹریشن فارم برائے سکول سال 2021-2022

ایچ ڈی ایس بی کے ثانوی کے عزیز طلباء اور خاندان،

آپ کو یہ پیغام اس لئے موصول ہو رہا ہے کیونکہ آپ / آپ کے بچہ نے ستمبر 2021 میں ہالٹن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ میں ثانوی اسکول (گریڈ 9-12) میں داخلہ کے لئے اندراج کیا ہے۔

جیسا کہ اس ہفتہ کے شروع میں بتایا گیا تھا، اونٹاریو کے تمام اسکول بورڈز، طلباء کو یہ اختیار فراہم کریں گے کہ وہ تعلیمی سال 2021-2022 میں بذاتِ خود جا کر یا فاصلاتی یا ورچوئل طور پر پڑھائی کریں۔ اگرچہ ہم تمام طلباء کو فال / خزاں میں بذاتِ خود اسکول جانے کا ارادہ کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، لیکن ہم ان طلبا کو معلومات فراہم کرنے کے لئے لکھ رہے ہیں جو ستمبر 2021 سے شروع ہونے والے، 2021-2022 کے تعلیمی سال میں ریموٹ لرننگ طرزِ تعلیم کے لئے اندراج کرنا چاہیں گے۔

ستمبر 2021 کے لئے تمام ایچ ڈی ایس بی طلباء اپنے گھر کو لگنے والے / ہوم اسکول میں (ذاتی طور پر) رجسٹرڈ ہیں، جن میں فی الحال فاصلاتی (ورچوئل) اسکولوں کے طلباء بھی شامل ہیں۔ اگر آپ / آپ کا بچہ بذاتِ خود / اِن پرسن اسکول جا رہے ہیں، **تو مزید اقدامات کی ضرورت نہیں ہے۔** اگر آپ / آپ کے بچہ کو ستمبر 2021 کے لئے ریموٹ لرننگ ماڈل کی ضرورت ہو تو، **ثانوی کے طلباء کے لئے ریموٹ لرننگ رجسٹریشن فارم 1 جون بروز منگل رات 11:59 تک مکمل کریں۔**

کو اڈیمسٹر 2 (نومبر کے وسط) یا کو اڈیمسٹر 3 (فروری کے شروع) پڑھائی کے طریقوں کو تبدیل کرنے کی انتہائی ضروری وجوہات رکھنے والے طلباء کے لئے، ٹائم ٹیبل میں مطابقت ہونے کی صورت میں غور کیا جا سکتا ہے۔

ثانوی جماعتوں کے طلباء کے لئے ریموٹ لرننگ رجسٹریشن فارم ابھی مکمل کریں:

http://bit.ly/RemoteLearningSEC

دیکھئے صفحہ 2---

Street Address: J.W. Singleton Education Centre • 2050 Guelph Line, Burlington, Ontario L7P 5A8
Mailing Address: J.W. Singleton Education Centre • P.O. Box 5005, Stn. LCD 1, Burlington, Ontario L7R 3Z2
Phone: 905-335-3663 | 1-877-618-3456 Fax: 905-335-9802
www.hdsb.ca

2022-2021 تعلیمی سال میں سیکھنے کے ماڈل کے بارہ میں معلومات

بذاتِ خود جا کر سیکھنے والا ماڈل:

- طلباء اپنے گھر کو لگنے والے / ہوم اسکول میں باقاعدہ آغاز اور اختتامی اوقات کے بعد، پورے دن، ہفتے میں پانچ دن ذاتی طور پر حاضر ہوتے ہیں۔
- تمام اسکول ایک کو اڈمیسٹر شیڈول (ایک وقت میں دو کورسز کی حد) کی پیروی کریں گے، ایک کورس صبح کے وقت اور ایک سہ پہر (دونوں بذاتِ خود جا کر)۔
- جب ممکن ہو، اور وزارت کی رہنمائی کے مطابق، بذاتِ خود جا کر سیکھنے والے طلباء اسکول کلبوں اور ٹیموں میں حصہ لے سکیں گے۔
- اس ماڈل کے لئے **(اضافی) اقدامات کی ضرورت نہیں ہے**۔ طلباء اپنے ہوم اسکولوں ہی میں رہیں گے۔

فاصلاتی تعلیم کا ماڈل:

- طلباء مکمل طور پر آن لائن سیکھیں گے۔
- ستمبر میں اسکول کے آغاز سے پہلے اسکول کے آغاز اور اختتامی اوقات کی تصدیق کی جائے گی۔
- اسکول ایک کو اڈمیسٹر شیڈول (ایک وقت میں دو کورسز کی حد) کی پیروی کریں گے، ایک کورس صبح اور ایک دوپہر میں (دونوں کورس آن لائن 150 منٹ کے لئے)۔
- ریموٹ لرننگ (فاصلاتی تعلیم) ایسے عملہ کے ذریعہ کروائی جائے گی جو ہوم ثانوی اسکول سے نہیں بھی ہو سکتے۔
- فرانسیسی ایمرژن کورس وہاں پڑھائے جائیں گے جہاں اندراج کی تعداد اس کی اجازت دیتی ہے۔
- متعدد اسکولوں کے طلباء کو ایک ہی کلاس تفویض کی جا سکتی ہے۔
- مندرجہ ذیل خصوصی اختیاری پروگرام ورچوئل طور پر پیش نہیں کیے جائیں گے: ایکسلریٹڈ لرننگ پروگرام، انٹرنیشنل بیکالوریٹ، ایڈوانسڈ پلیسمنٹ، ایل ای اے پی اور آئی اسٹیم۔
- طلباء کو اپنے ہوم اسکول کا ٹائم ٹیبل تبدیل کرنے کے لئے 2022-2021 تعلیمی سال کے کورسز تبدیل کرنے لے لئے، انہیں دوبارہ چننے کی ضرورت ہو گی۔ کورس کی پیش کش میں لازمی کورسز اور محدود انتخابی مضامین کی پیش کش ہو گی۔
- فاصلاتی تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کو اپنے ہوم اسکول میں بذاتِ خود (اِن پرسن) جا کر اسکول کلبوں یا ٹیموں میں شرکت کی اجازت نہیں ہو گی۔
- **اقدامات کی ضرورت ہے:**
  - ایچ ڈی ایس بی ورچوئل سیکنڈری اسکول کے لئے کورس کی پیش کشوں کا جائزہ لیں۔ اگر آپ کے کچھ سوالات ہوں تو اپنے ہوم ثانوی اسکول سے رابطہ کریں۔
  - ثانوی کے طلباء کے لئے ریموٹ لرننگ رجسٹریشن فارم **منگل، یکم جون کو رات 11:59 تک مکمل** کریں۔ اس میں آپ کے ہوم اسکول کے ٹائم ٹیبل کو تبدیل کرنے لئے تعلیمی سال 2021-2022 کے انتخاباتی کورسز شامل ہیں۔ نوٹ: کورس کی پیش کش میں لازمی کورسز اور محدود انتخاب کی پیش کش ہو گی۔

صفحہ 3 دیکھیں...

نوٹ: یہ پیغام گیری ایلن ہائی اسکول کے طلباء پر لاگو نہیں ہوتا ہے۔ وہ طلباء / اہل خانہ گیری ایلن لرننگ سینٹرز کے مرکزی دفتر سے براہ راست پیغام وصول کریں گے۔

ہم آپ کو ایچ ڈی ایس بی کی ویب سائٹ، اسکول میسنجر ای میلز اور سوشل میڈیا (ٹویٹر، فیس بک، انسٹاگرام) کے ذریعے آگاہ کرتے رہیں گے۔